کنٹونمنٹ بورڈ فیصل

اطلاع برائے نیلام عام

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کینٹ بورڈ فیصل اپنی" ناکارہ/ناقابل مرمت گاڑیاں" (جہاں ہے جیسے ہے) کی بنیاد پر بذریعہ نیلام عام فروخت کرنا چاہتا ہے۔ جس کا معائنہ دفتری اوقات کار میں سی بی ورکشاپ مین شاہراہ فیصل نزد 101 سلیکشن سینٹر کنٹونمنٹ بورڈ فیصل میں کیا جاسکتا ہے۔ نیلامی مورخہ 21-03-25 کو بوقت 12:00 pm بجے دن کو دفتر کنٹونمنٹ بورڈ فیصل، مین شاہراہ فیصل روڈ میں حاضر آمدہ بولی دہندگان کی موجودگی میں منعقد ہوگی۔ اگر مقررہ تاریخ کو نیلامی نہ ہوسکی تو دوبارہ نیلامی مورخہ 24-03-25 بوقت 12:00pm بجے دن ہوگی۔

شرائط وضوابط:

1. بولی دہندگان کو نیلام میں شرکت کیلئے نیلامی سے قبل کال ڈیپازٹ مبلغ دو لاکھ -/2,00,000 روپے کسی بھی شیڈول بینک سے بنام کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر بمع شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی جمع کرانا ہوگی۔ کسی بھی شخص کو جمع کرائے بغیر بولی میں شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔
2. کال ڈیپازٹ نیلامی سے کم از کم ایک گھنٹہ پہلے دفتر ہذا میں جمع کروانا ہوگا۔
3. کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر آنے والے کے علاوہ باقی کال ڈیپازٹ نیلامی کے اگلے روز واپس کردیے جائیں گے۔
4. کامیاب بولی دہندہ کو اپنی دی گئی بولی کا 25% (پچیس فیصد) بولی ختم ہونے پر جمع کرانا ہوگی اور بقایا رقم سامان اٹھانے سے پہلے بورڈ کی منظوری کے 30 دن کے اندر جمع کرانا ہوگی۔ اگر بولی دہندہ بقایا آدھی رقم جمع کرانے میں ناکام رہا تو زربیعانہ کی رقم کینٹ بورڈ فنڈ میں ضبط ہوگی اور سامان بھی نہیں اٹھانے دیا جائے گا۔
5. کامیاب بولی دہندہ کو پیش کردہ بولی کی رقم پر انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس بھی جمع کرانا ہوگا۔
6. اگر کامیاب بولی دہندہ مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد 30 روز تک سامان اٹھانے میں ناکام رہا تو جمع شدہ رقم بحق کینٹ بورڈ ضبط کرکے دوسرے نمبر پر کامیاب بولی دینے والے کو آفر دی جائے گی۔ بصورت انکار کے دوسری کامیاب بولی دینے والے کی کال ڈیپازٹ ضبط کردی جائے گی اور نیلامی دوبارہ کی جائے گی۔
7. کینٹ بورڈ فیصل کسی بھی بولی کی تکنیکی/انتظامی بنیاد پر وجہ بتائے بغیر PPRA کی شق کے مطابق مسترد کرنے کا مجاز ہوگا۔
8. اگر کوئی شخص پہلے سے کینٹ بورڈ فیصل کا ڈیفالٹر ہو وہ نیلامی میں حصہ لینے کا مجاز نہیں ہوگا۔
9. نیلامی کا نوٹس PPRA کی ویب سائٹ www.ppra.org.pk پر بشمول نیلامی لسٹ کے دیکھا جاسکتا ہے۔

نوٹ:- مزید معلومات کیلئے انچارج ورکشاپ، کینٹ بورڈ فیصل سے دفتری اوقات کار میں فون نمبر 03000812607 پر رجوع کیا جاسکتا ہے۔

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر
کینٹ بورڈ فیصل
فون 021-99240525-7
فیکس 021-99240526

CamScanner